# بیت النصر ارین کو آپریٹو کریڈٹ سوسائٹی لمیٹڈ بمبئی

بیت النصر ارین کو آپریٹو سوسائٹی کا قیام بروز جمعہ یکم اکتوبر ۱۹۷۶ء کو مہاراشٹر کو آپریٹو سوسائٹیز ایکٹ ۱۹۶۰ء کے تحت عمل میں آیا۔ سوسائٹی ہذا کے قیام کا مقصد ہندوستان میں غیر سودی بینک کاری کے لیے نئی راہیں دریافت کرنا' سود کے لین دین کو چھوڑ کر مکمل طور پر غیر سودی بینک کاری کے خطوط پر کام کرنا' صاف اور پاکیزہ ماحول میں کم لاگت والے رہائشی مکانات کی تعمیر کرنا' مسلمانوں میں سرمایہ کاری کا رجحان پیدا کر کے ان کے قیمتی سرمائے کو محفوظ کرنا اور انھیں مالی فائدہ پہنچانا اور حلال آمدنی کے ذرائع کی تلاش کرنا۔

ابتدا میں بیت النصر کا کل سرمایہ صرف ۱۲۰۰۰ روپے تھا جو ۳۱ مارچ ۱۹۹۰ تک ۱۴٫۶۵ کروڑ تک پہنچ گیا۔ سوسائٹی نے اپنے کام کا آغاز دو ملازموں سے کیا تھا اور اب ان کی تعداد بڑھ کر ۱۰۰ ہو گئی ہے۔ اس طرح یہ ادارہ قوم کے کئی افراد کے لیے ذریعہ معاش بھی بنا ہوا ہے۔ ابتدا میں ماہم کے ایک فلاحی ادارے میسکو (MESOC) کے دفتر سے سوسائٹی کا آغاز ہوا اور فی الحال عروس البلاد بمبئی کے ۹ اہم کاروباری مقامات ماہم' زکریا مسجد' مدنپورہ' مورلینڈ روڈ' باندرہ (ایسٹ)' بھارت نگر' کرلا' دھاراوی اور چیتا کیامپ میں سوسائٹی کی شاخیں ہیں۔ علاوہ ازیں تھوڑے ہی عرصہ میں ان شاء اللہ تعالی ایک اور شاخ کھلنے جا رہی ہے۔ ۳۱ مارچ ۱۹۹۰ تک سوسائٹی کے شیئرز کا کل سرمایہ ۰۰۰'۵۲'۱۲ روپے اور تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے بطور ڈپازٹ جمع تھے۔ ابتدا سے ۳۱ مارچ ۱۹۹۰ء تک سوسائٹی ۷۳۸۲ افراد کو ۸۰۰'۳۳'۴۴'۳ روپے قرض دے چکی ہے۔

## بیت النصر کے ممبر کیسے بنیں؟

ہر اس شخص کے لیے جو سوسائٹی میں اپنی رقم جمع کرنا' قرض لینا' ضمانت دینا چاہتا

ہے' سوسائٹی کا ممبر ہونا لازی ہے۔ ممبر بننے کے لیے کم از کم ۱۰ روپے کے تین شیئرز (حصص) خریدنا ضروری ہے اور ایک روپیہ داخلہ فیس بھی دینا پڑتی ہے۔ اگر ممبر چاہے تو ۲ سال بعد اپنی ممبرشپ ختم کر کے شیئر کی رقم واپس حاصل کر سکتا ہے۔ سوسائٹی کے تمام دفاتر میں مندرجہ ذیل ڈپازٹ اسکیموں کی سہولت حاصل ہے مزید تفصیلات آپ سوسائٹی کی کسی بھی شاخ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

## اسپاٹ ڈپازٹ (Spot Deposit)

یہ روزانہ ڈپازٹ اسکیم ہے۔ یہ بینکوں میں کرنٹ اکاؤنٹ (Current Account) کے مشابہ (قسم کا) کھاتہ ہے' البتہ اس میں آپ گھر بیٹھے بچت کر سکتے ہیں۔ اس اسکیم کا طریقہ یہ ہے کہ آپ یہ اکاؤنٹ کم از کم ۵ روپے سے کھول سکتے ہیں اور جب جتنی رقم چاہیں جمع اور نکال سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ کھولنے کے ایک ماہ بعد تک آپ اس اکاؤنٹ سے پیسے نہیں نکال سکتے اور تین ماہ بعد سے آپ کو اس اکاؤنٹ میں کم از کم ۱۰۰ روپے جمع رکھنے ضروری ہے۔ ورنہ ۲ روپے فی ماہ سروس چارج لیا جائے گا۔ اس اکاؤنٹ کے لیے سوسائٹی کی جانب سے یہ سہولت ہے کہ ہمارا مقرر کردہ کلکٹر خود آپ کے مکان' دکان یا آفس میں آکر رقم وصول کرتا ہے۔

## سیونگ ڈپازٹ (Saving Deposit)

آپ یہ اکاؤنٹ کم از کم پانچ روپے سے کھول سکتے ہیں اور جتنی رقم چاہیں جمع کر سکتے ہیں اور جب چاہیں واپس لے سکتے ہیں۔ اس میں کلکٹر کی سہولت نہیں ہے۔

## ریکرنگ ڈپازٹ (Recurring Deposit)

اس ڈپازٹ کی کم از کم رقم ۲۵ روپے ماہانہ اور مدت ۲ سال ہے۔ مدت ختم ہونے سے قبل ضرورت پڑنے پر چند روز قبل آفس میں اطلاع دیکر رقم واپس لی جا سکتی ہے۔ ممبران کی سہولت کے لیے سوسائٹی کا مقرر کردہ کلکٹر ہر ماہ آپ کے مکان' دکان یا آفس سے رقم وصول کرتا ہے۔

## فکسڈ ڈپازٹ (Fixed Deposit)

اس ڈپازٹ کی کم از کم رقم ۱۰۰ روپے اور مدت ایک سال ہے۔ مدت ختم ہونے سے قبل بوقت ضرورت چند دن پیشتر دفتر میں اطلاع دے کر رقم واپس لی جا سکتی ہے۔

## قرضہ جات کے لیے شرائط و ضوابط

سوسائٹی سے قرض حاصل کرنے کے لیے قرض خواہ کو مندرجہ ذیل شرائط پورا کرنا ضروری ہے:

(الف) سوسائٹی کے رجسٹرڈ ممبران ہی قرض کے لیے عرضی دے سکتے ہیں۔

(ب) سوسائٹی کے ان ممبران کو جن کا کھاتہ سوسائٹی کے پاس کم از کم ایک سال سے باقاعدہ جاری رہا ہو' زیادہ سے زیادہ پندرہ ہزار روپے قرض دیا جا سکتا ہے۔ البتہ ہمارے بنائے ہوئے رہائشی مکان اور خاص قسم کی تجارت کے لیے ۲۵ ہزار تک قرض دیا جا سکتا ہے۔

(ج) نئے ممبران ممبر شپ حاصل کرنے کے تین ماہ بعد ہی قرض کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ شروع میں انہیں فی کس زیادہ سے زیادہ پانچ ہزار روپے قرض دیا جا سکتا ہے۔

(د) قرض کی مطلوبہ رقم کے مطابق مندرجہ ذیل ۴ چیزوں کی ضمانت قبول ہوگی: ۱۔ سونے کے زیورات (مالیت) کی ۸۰٪ رقم بطور قرض حاصل ہو گی' ۲۔ سوسائٹی اور اس سے منسلک ادارہ برکت انوسٹمنٹ کے کھاتے داروں کی ضمانت۔ یہ ضمانت کھاتے میں جمع شدہ رقم کی ۸۰٪ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے (یہاں یہ بات دھیان میں رکھی جائے کہ ضامن حضرات اپنے کھاتے سے ضمانت شدہ رقم اس وقت تک نہیں نکال سکتے جب تک کہ قرض کی پوری رقم ادا نہیں کی جاتی)' ۳۔ ان پبلک لیمٹڈ کمپنیوں کے اکویٹی شیئرز (حصص) پہ جو کہ بمبئی اسٹاک ایکسچینج کے تحت رجسٹرڈ ہوں۔ ایسے حصص کی موجودہ قدر (VALUE) کا ۵۰٪ قرض دیا جا سکتا ہے' ۴۔ ان اسکوٹر' موٹر سائیکل' آٹو رکشا اور ٹیکسی کے رہن

پر (HYPOTHECATION) جو کہ بمبئی R T O میں رجسٹرڈ ہوں اور دس سال سے زیادہ پرانی نہ ہوں' قرض دیا جائے گا۔ البتہ مندرجہ بالا قسم کا قرض (الف) اسکوٹر اور موٹر سائیکل کے رہن پر بارہ ہزار روپے یا ان کی موجودہ قدر کے ۶۰٪' ان میں سے جو بھی کم ہو دیا جائے گا۔ (ب) آٹو رکشا اور ٹیکسی کے لیے پندرہ ہزار روپے یا ان کی موجود قدر کے ۶۰٪' ان میں سے جو بھی کم ہو دیا جائے گا۔

قرضہ جات پر معمولی سروس چارج لیا جاتا ہے جس کی مدد سے سوسائٹی کے اخراجات پورے کیے جاتے ہیں۔ قرض کی ادائگی زیادہ سے زیادہ ۲۰ قسطوں میں ہونی چاہیے۔

## بیت النصر کے دیگر ادارے اور ان کی اسکیمیں

بیت النصر گو کہ ایک اربن کو آپریٹو سوسائٹی ہے مگر بیت النصر گروپ میں تین اور مالی ادارے شریک ہیں اور ان شاء اللہ تعالی اس گروپ کے ماتحت دو اور ادارے عنقریب وجود میں آرہے ہیں۔ موجودہ تین ادارے حسب ذیل طریقے پر کام کر رہے ہیں:

## فلاح انوسٹمنٹ لمیٹڈ اور اتفاق انوسٹمنٹ لمیٹڈ:

بیت النصر اربن کو آپریٹو کریڈٹ سوسائٹی کی طرح یہ دونوں کمپنیاں بھی لوگوں کو سودی نظام سے بچا کر جائز اور حلال طریقوں سے سرمایہ کاری کرنے اور آمدنی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اپریل ۱۹۸۳ء میں وجود میں لائی گئیں۔ دونوں کمپنیاں اپنے ممبران کو جن میں ڈاکٹر' وکیل' دیگر پیشہ وریا ملازمت پیشہ قسم کے لوگ شامل ہیں' اپنے پاس جمع کیا ہوا سرمایہ اسٹاک ایکسچنج کے ذریعے سے مختلف کمپنیوں کے شیئرز (حصص) میں لگا کر ان سے فائدہ حاصل کر کے نفع کی رقم ممبران میں تقسیم کرتی ہیں۔ ایسے افراد جو بیک وقت ۳۵'۰۰۰ روپے کی رقم ان کمپنیوں میں سے کسی ایک میں جمع کرتے ہیں' انہیں یہ پورٹ فولیو مینجمنٹ (PORTFOLIO MANAGEMENT) کی خدمات مہیا کرتی ہیں۔ ان کمپنیوں نے ایک جوائنٹ پورٹ فولیو مینجمنٹ اسکیم (JOINT PORTFOLIO MANAGEMENT SCHEME) بھی تشکیل دی ہے جس کا مقصد کم سے کم سرمایہ لگا سکنے والوں کو بھی شیئر مارکیٹ کے کاروبار سے متعارف اور

مستفیض کراتا ہے۔ اس اسکیم کے ذریعے ہر ممبر ابتدا میں کم از کم صرف دس ہزار روپے جمع کر کے اسکیم میں شامل ہو سکتا ہے۔ موجودہ اسکیم کے تحت سرمایہ لگانے والوں کو ان کے سرمایے پر ہر سال ۳۰ فیصد کے حساب سے منافع دیا گیا۔ ان کاموں کے لیے شیئر مارکیٹ سے منسلک ماہرین کی خدمات اداروں کو حاصل ہیں۔

## برکت انوسٹمنٹ کارپوریشن

فلاح انوسٹمنٹس اور اتفاق انوسٹمینٹس نے مل کر جنوری ۱۹۸۸ء میں برکت انوسٹمنٹس کارپوریشن جاری کیا۔ یہ کارپوریشن بھی بیت النصر سے منسلک ہے۔ رہائشی مکانات فراہم کرنے کے کاموں میں یہ بیت النصر کی شریک کار ہے برکت انوسٹمینٹس کارپوریشن بیت النصر کے عملی تعاون سے اب تک نالا سوپارہ' ممبرا اور کوسہ میں رعایتی داموں پر غیر سودی قرض کے ساتھ کئی لوگوں کو رہائشی مکان (فلاٹس) مہیا کر چکی ہے۔ علاوہ ازیں اس ادارہ کی ایک فکسڈ ڈپازٹ اسکیم بھی ہے۔

اس اسکیم کے ماتحت آپ اپنا سرمایہ حقیقی املاک (Real Estate)' اجارہ (Leasing)' نفع و نقصان میں شرکت (Profit and loss Sharing) جیسے جائز اور حلال کاروبار میں لگا کر "برکت" کی آمدنی میں حصہ دار بن سکتے ہیں۔

۱) ڈپازٹ کی کم از کم میعاد ایک سال ہوگی اور کم از کم دس ہزار روپے بطور ڈپازٹ قبول کیے جائیں گے۔ (۲) منافع ہر تین مہینے سے بھی دینے کی سہولت ہے۔ (۳) دو سال سے زائد عرصہ کے لیے ڈپازٹ رکھنے والے حضرات کو برکت انوسٹمینٹ کاپوریشن کے آئندہ ہاؤسنگ اسکیموں میں ۵ فیصد تک رعایت دی جائے گی۔ (۴) فکسڈ ڈپازٹ کے مقابل میں بیت النصر سے قرض (Loan) کی سہولیات مہیا رہیں گی۔

۸۹-۱۹۸۸ء میں برکت انوسٹمینٹس میں اس اسکیم کے ماتحت ۴۱ ڈپازٹرس نے سولہ لاکھ چھپن ہزار روپے رکھے تھے جس پر انہیں ۱۹٪ نفع دیا گیا۔ اس اسکیم کو لوگوں کا اس قدر اعتماد حاصل ہوا کہ ۹۰-۱۹۸۹ء میں اس کے ڈپازٹرس کی تعداد ۴۱ سے بڑھ کر ۳۱ مارچ ۱۹۹۰' تک ۱۹۱ ہوگئی اور رقم بھی ۴۵ لاکھ روپے تک بڑھ گئی۔ اس سال کے لیے ۱۷.۵٪ نفع تقسیم کیا گیا۔